**27-09-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**(Music)**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم**

**پہلے اِس وقت کی خاص خبریں**

**------------------------------------------------------------**

**1- وزیر اعظم نریندر مودی اُڈیشہ کے شہر جھارسوگُڑا سے 60 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے، کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔**

**2- وزیر اعظم دیسی ٹکنالوجی سے تیار کیے گئے 97 ہزار 500 سے زیادہ موبائل، 4 G ٹاورز کا آغاز کریں گے۔**

**3- مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پُری نے، انڈمان کے سمندر میں قدرتی گیس پائے جانے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس دریافت سے، ملک کے لیے توانائی کے موقعوں کا ایک سمندر کھُل جائے گا۔**

**4- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے برِکس سے کہا ہے کہ وہ ہنگامے سے دوچار اِس دنیا میں قیامِ امن اور سفارت کے پیغام کو عمل میں لائے۔**

**5- اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں، فلسطین کی مملکت کو تسلیم کرنے پر مغربی ملکوں کی مذمت کی ہے۔**

**6- ایشیاء کپ کرکٹ میں، دبئی میں ایک سنسنی خیز سُپر اوور میں بھارت نے سری لنکا کو ہرایا اور اس طرح وہ بغیر کوئی میچ ہارے، فائنل میں پہنچ گیا ہے۔**

**7- اور معذور افراد کی، بارہویں عالمی ایتھلیٹکس چیمپئن شپ، آج سے نئی دلّی میں شروع ہوگی۔**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**PM Odisha Visit**

**وزیر اعظم نریندر مودی آج اُڈیشہ کے، دن بھر کے دورے پر رہیں گے۔ اِس دورے میں وہ، جھارسوگُڑا سے 60 ہزار کروڑ روپے کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں میں سے کچھ کا افتتاح کریں گے اور کچھ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِن پروجیکٹوں کا مختلف شعبوں سے تعلق ہے، جن میں ٹیلی مواصلات، ریلویز، اعلیٰ تعلیم، حفظانِ صحت، ہنر مندی کا فروغ، شہری ہاؤسنگ سیکٹرس وغیرہ شامل ہیں۔ جناب مودی اِس موقعے پر ایک عوامی اجتماع سے خطاب بھی کریں**

گے۔ وہ ٹیلی کوم کنیکٹی وِٹی کے میدان میں 97 ہزار 500 سے زیادہ موبائل 4 Gٹاورز کی کارکردگی کا آغاز کریں گے۔ یہ ٹاورز، دیسی ٹکنالوجی کے ذریعے تقریباً 37 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیے گئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Alok Chadra Barik**

جناب مودی، مغربی اُڈیشہ کے صنعتی قصبے کے اپنے دورے میں، ایک ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے، تین ریلوے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے، جس کا مقصد پوری ریاست میں ریلوے کے بنیادی ڈھانچے اور کنیکٹی وِٹی میں اضافہ کرنا ہے۔ وہ ٹیلی کوم کنیکٹی وِٹی کے میدان میں، 97 ہزار 500 سے زیادہ موبائل 4 Gٹاورز کی کارکردگی کا آغاز کریں گے۔ یہ ٹاورز دیسی ٹکنالوجی سے تیار کیے گئے ہیں۔ اِن میں 92 ہزار 600 فور-جی ٹکنالوجی مقامات شامل ہیں، جنہیں BSNL نے شروع کیا ہے۔ وزیر اعظم، سنبھل پور شہر اور سَرلا کے درمیان، ریل فلائی اوور کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِس کے علاوہ وہ کوراپُٹ-بائیگُڑا ریل لائن کو ملک کے نام وقف کریں گے، جسے حال ہی میں دوہرا کیا گیا ہے۔

وہ آٹھ IITs کی توسیع، برہم پور MKCG میڈیکل کالج اور اسپتال نیز بُرلا-سنبل پور میں VIMSARاسپتال کو سُپر اسپیشلٹی اسپتال کا درجہ دینے کا بھی اعلان کریں گے۔ اِس کے علاوہ وزیر اعظم، انتیودے گرِہ یوجنا کے تحت، 50 ہزار مستفیدین کو منظوری نامے تقسیم کریں گے۔

جھارسوگُڑا کا دورہ، جون 2024 میں ریاست میں BJP کے اقتدار میں آنے کے بعد سے اب تک، پچھلے 15 ماہ میں وزیر اعظم کا اُڈیشہ کا یہ چھٹا دورہ ہوگا۔

جھارسوگُڑا سے آلوک چندر بارِک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..................

**Puri Natural Gas**

ایک اہم واقعہ یہ ہے کہ پیٹرولیم کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پُری نے اعلان کیا ہے کہ انڈمان کے نشیب میں، قدرتی گیس کا پتہ چلا ہے، جس سے اِس دیرینہ خیال کی تصدیق ہو گئی ہے کہ انڈمان کا سمندر، قدرتی گیس کے ذخیرے سے مالامال ہے۔

کل رات ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ انڈمان کے سمندر میں، توانائی سے متعلق موقعوں کا ایک سمندر کھُل گیا ہے۔ جناب پُری نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ''سری وِجے پورم دوئم'' میں قدرتی گیس کے ذخیرے کی اطلاع دی۔ یہ ذخیرہ انڈمان جزیروں کی، مشرقی ساحلی پٹّی سے 9 اعشاریہ دو-صفر بحری میل کے فاصلے اور 295 میٹر کی گہرائی پر واقع ہے۔×

**GST Reforms-Tourism**

وزیراعظم نریندر مودی نے GST بچت اُتسو کا اعلان کیا تھا جس کا آغاز اِس ماہ کی 22 تاریخ سے ہوگیا، اور اب سماج کے سبھی طبقات اس سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں۔

نئے سلسلے کی GST اصلاحات ملک کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو سہل بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔

اِن اصلاحات کے تحت کئی طرح کی اشیاء اور خدمات پر ٹیکس شرح کم ہونے سے لوگوں کو بڑی راحت مل رہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC - Ishani**

GSTمیں نئی اصلاحات کے تحت حکومت نے ٹیکسوں میں نمایاں کمی کی ہے، جس کا مقصد سیاحت اور عوامی ٹرانسپورٹ کو زیادہ کفایتی بنایا ہے اور ہمہ وقت اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور نوکریاں پیدا کرنا ہے۔ اب ہوٹل کے 7 ہزار 5 سو روپے سے کم کے فی رات قیام کے چارجز والے کمروں پر GST کی شرح کو 12 فیصد سے کم کر کے 5 فیصد کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام سے متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے سیاحوں کو فائدہ حاصل ہوگا۔ نہ صرف گھریلو سیاحت کو تقویت فراہم ہوگی، بلکہ بین الاقوامی سیاح بھی بھارت آنے کے لیے راغب ہوں گے۔

ایک طالبہ ویشنوی نے آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے حکومت کے ذریعے GST شرحوں میں کمی کیے جانے کے فیصلہ ستائش کی اور حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

**S/B - Vaishnavi (in Govt Mail)**

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس ماہ کی 21 تاریخ کو عوام سے سودیشی مصنوعات خریدنے اور اس طرح گھریلو صنعتوں چھوٹے مینوفیکچرز اور مقامی کاریگروں اور MSMEs کی مدد کرنے کی اپیل کی تھی۔

ایشانی یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

**Seva Parv-Bringing Back Lost Heritage**

سیوا یعنی عوامی خدمت اور سُشاسن یعنی بہتر حکمرانی کے منتر سے ترغیب پاکر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت بدلاؤ اور ترقی کیلئے انتھک کام کر رہی ہے۔ آج اپنی خصوصی سیریز 'سیوا پرو' میں ہم نظر ڈالیں گے کہ کس طرح نریندر مودی حکومت نے چوری کی گئی مورتیوں اور نوادرات کو مختلف ممالک سے واپس وطن لاکر ملک کے ثقافتی وقار کو نئی جلا بخشی ہے۔

**Capsule**

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت کا ثقافتی سفر محترک نیز اپنی روایتوں سے جڑے ہونے کے ساتھ ہی دنیا کو خوش آمدید کہتا ہے۔ چوری کی گئی مورتیوں اور مقدس باقیات و نشانیوں کو بیرون ممالک سے وطن واپسی لانا، ان کا احیاء کرنا، اور اس طرح یہ کہانی ہے: ملک کی ثقافت کو نئی زندگی عطا کرنے کی۔

**PM S/B Lost Heritage**

چوری کئے گئے **642** نوادرات کا **2014** سے اب تک پتہ لگایا گیاہے جو ملک واپس لانے کے مختلف مراحل میں ہیں جبکہ یہ تعداد **2013** میں محض **13** تھیں۔

ان میں سے بیشتر نوادرات اسمگلنگ کے ذریعے بیرون ملک لیجائے گئے تھے جنھیں اب سفارتی چینلز، قانونی کارروائی اور ثقافتی تعاون کے ذریعے ملک واپس لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

اس سال واپس لائے گئے نوادرات میں سب سے اہم بھگوان بدھ کی **Piprahwa** نشانی ہے جس کا تعلق تیسری صدی قبل مسیح سے ہے۔ جناب مودی نے اس موقع کو بھارتی ورثے کے لیے انتہائی مسرت کا دن قرار دیا۔

دیگر نوادرات میں انگلینڈ سے برہما اور براہمنی کی پتھر کی مورتیوں کو واپس لانا، امریکہ سے نٹراج کے رقص کرتے ہوئے مجسمے کو لانا، آسٹریلیا سے بھگوان بدھ کی مورتی کو لانا شامل ہے۔

**S/B Modi Heritage**

**Nadda NOHM**

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈّا نے کل نئی دلّی میں ایگزیکٹو رہبر کمیٹی کی دوسری میٹنگ میں، ایک صحت قومی مشن **NOHM** کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ انسانوں، حیوانوں، پیڑ پودھوں اور ماحولیاتی صحت کے باہم ارتباط کو تسلیم کیے جانے میں **NOHM** کے رول پر زور دیتے ہوئے وزیر صحت نے کہا کہ یہ صرف ملکر کام کرنے کی وجہ ہے کہ مستقبل کے خطرات کا پہلے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے اور اِن کی روک تھام کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے اِس بات

پر زور دیا کہ NOHM کے ذریعے مختلف محکموں کی مربوط کوششوں سے، تصورات کو حقیقت میں بدلا جا رہا ہے۔

جناب نڈّا نے شرکاء سے کہا کہ وہ اِس شراکت کو مزید تقویت دیں اور NOHM اقدامات پر عمل درآمد کے لیے جاری سرکاری کام کاج میں مدد دیں۔×

## Jaishankar Brics IBSA

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ ایسے وقت میں، جب کثیر ملکی نظام پر دباؤ پایا جاتا ہے، Bricsایک جواز اور تعمیری تبدیلی کے لیے ایک مضبوط آواز کے طور پر موجود ہے۔ انہوں نے یہ بات نیویارک میں بِرکس ملکوں کے وزراء خارجہ کی ایک میٹنگ کی میزبانی کرتے ہوئے کہی۔ یہ میٹنگ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس سے الگ منعقد کی گئی تھی۔

وزیر موصوف نے کہا کہ ہنگامے سے دوچار دنیا میں بِرکس کو چاہیے کہ وہ ایک بار پھر قیامِ امن، مذاکرات، سفارت اور بین الاقوامی قانون کی پابندی کا پیغام عمل میں لائے۔ انہوں نے کہا کہ اِس گروپ کو چاہیے کہ وہ اقوام متحدہ، خاص طور پر سکیورٹی کونسل کے اہم اصولوں کی ایک جامع اصلاح کے لیے اپنی اجتماعی آواز کو بلند کرے۔

بڑھتے ہوئے تحفظاتی رجحان، محصولات میں اُتار چڑھاؤ اور تجارت کی راہ میں غیر محصولاتی رکاوٹوں کے اثرات کا خاص طور پر ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بِرکس کو چاہیے کہ وہ کثیر ملکی تجارتی نظام کا دفاع کرے۔×

## Netanyahu Palestine

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے، دو مملکتی طریقِ کار کے امکان سے انکار کیا ہے۔ اس طریقِ کار کے تحت ایک آزاد فلسطینی مملکت وجود میں آ جائے گی۔ نیتن یاہو نے اسے اپنے ملک کے لیے خودکشی قرار دیا ہے۔

کل رات نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اپنی تقریر میں نیتن یاہو نے فرانس، کینیڈا اور برطانیہ سمیت مغربی ملکوں کو، فلسطین کی مملکت کو تسلیم کرنے پر، ناسمجھ قرار دیا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیل، غزہ میں فلسطین کے مسلح گروپ حماس کے خاتمے کا کام اُس وقت مکمل سمجھے گا، جب حماس، ہتھیار ڈال دے گا اور 2023 میں، اسرائیل پر کیے گئے دہشت گردانہ حملے کے دوران یرغمال بنائے گئے بقیہ لوگوں کو نہیں چھوڑ دے گا۔

اس سے پہلے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں اسرائیل کے وزیر اعظم کی تقریر سے پہلے احتجاج کے طور پر، بہت سے مندوبین نے واک آؤٹ کیا۔

اسی دوران جناب نیتن یاہو نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مذاکراتکار، غزہ میں جنگ کے خاتمے کے لیے ایک معاہدے کے بالکل قریب ہیں اور وہ اِس معاملے پر بات چیت کے لیے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے، پیر کو ملاقات کریں گے۔×

## World Tourism Day

آج دنیا بھر میں سیاحت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال 27 ستمبر کو منایا جاتا ہے۔ یہ دن لوگوں کو باہمی طور پر جوڑنے، ثقافتی تبادلوں کے فروغ اور اقتصادی ترقی میں تعاون کے سلسلے میں سیاحت کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

اس موقع پر، اترپردیش سیاحت کی ترقی کے ریاستی محکمے نے لکھنؤ سے لیکر مقدس مقامات ایودھیا اور Naimisharanya کے لیے خصوصی ایک روزہ سیاحتی سفر کا اعلان کیا ہے۔ اس کے علاوہ ریاست کے 2 درجن سے زائد مذہبی اور سیاحتی مقامات پر آج سے ایک خصوصی Sur-Sadhnaپروگرام بھی منعقد کیا جائے گا۔×

## Odisha Heavy Rain

اوڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن مانجھی نے 17 اضلاع کے کلکٹروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ممکنہ سیلاب کے پیش نظر حفاظتی اقدامات کریں جہاں آج شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آجKoraput، Malkangiriاور کالا ہانڈی اضلاع میں انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ دیگر کئی اضلاع میں بھی شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔

وزیراعلیٰ نے کلکٹروں کو ہدایت دی ہے کہ ضلعی اور بلاک کنٹرول رومز کے ذریعے چوبیس گھنٹے نگرانی کو یقینی بنایا جائے اور سیلاب اور متاثرہ علاقوں میں پانی بھرجانے جیسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں۔x

## NIA Hizbul

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIAنے حزب المجاہدین دہشت گرد تنظیم کے سرغنہ طارق احمد میر کی غیر منقولہ املاک کو ضبط کرلیا ہے۔ طارق کشمیر وادی میں دہشت گردانہ سرگرمیوں کو بڑھاوا

دینے کے لیے ممنوعہ تنظیم کے سرگرم ملیٹینٹوں کو ہتھیار اور  گولی بارود سپلائی کرنے میں ملوث تھا۔ جموں میں NIA خصوصی عدالت کے احکامات پر ایجنسی نے طارق کی غیر منقولہ املاک کو ضبط کرلیا۔

اسے اس سال اپریل میں گرفتار کیا گیا تھا اور اس پر فرد جرم عائد کی گئی تھی۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج وسطی اور جنوبی جزیرہئ نما بھارت کے کچھ حصوں میں بہت شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

محکمے نے، آندھرا پردیش، ساحلی کرناٹک، گجرات، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، جنوبی اندرونی کرناٹک، تملناڈو، پدوچیری، کرائیکل، مغربی بنگال اور سکم کے کچھ مقامات پر شدید بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔x

**Cricket**

ایشیا کپ کرکٹ میں بھارت نے دبئی میں سپر فور مرحلے کے آخری مقابلے میں سری لنکا کو شکست دے دی۔ یہ میچ نہایت سنسنی خیز اور ڈرامائی سپر اوور تک گیا اس طرح بھارت ناقابل شکست رہتے ہوئے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

سپر اوور میں بائیں ہاتھ کے تیز گیند باز ارشدیپ سنگھ نے دو وکٹ حاصل کیے اور سری لنکا کو 2 رن پر روک دیا۔ بھارت کو جیت کے لیے تین رن درکار تھے جو اُس نے سپر اوور کی پہلی گیند پر حاصل کرلیے۔

اِس سے پہلے بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورس میں پانچ وکٹ کے نقصان پر 202 رن بنائے۔ جواب میں Pathum Nissanka نے شاندار سینچری بنائی، جس کی بدولت سری لنکا نے بھارت کے 202 رن کا ہدف برابر کردیا۔ Pathum Nissanka کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

کَل دبئی میں، بھارت فائنل مقابلے میں پاکستان کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام آٹھ بجے شروع ہوگا۔x

**World Para Athletics**

**بارہویں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چیمپئن شپ 2025 آج نئی دلّی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں شروع ہوگی۔ نو روزہ چیمپئن شپ میں کُل 186 میڈل مقابلے ہوں گے، جن میں 101 مردوں کے لیے، 84 خواتین کے لیے اور ایک مشترکہ مقابلہ شامل ہے۔ چیمپئن شپ آئندہ ماہ کی 5 تاریخ کو اختتام پذیر ہوگی۔**

**خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔**

**PRESS COMMENTS**

**اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......حبیب الرحمان**

**شکریہ - شبانہ**

**قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخبارات نے وزیراعظم سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے: بہار میں مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا کا آغاز، 75 لاکھ خواتین کے بینک اکاؤنٹ میں 10-10 ہزار روپے منتقل، وزیراعظم نریندر مودی نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اسکیم کی شروعات کی۔ وزیراعظم مودی نے سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کوان کی یوم پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اس خبر کو صفحۂ اول پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔**

**فضائیہ کے جنگی بیڑے کو الوداع کہنے والے طیارے سے متعلق خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے نمایاں طور پر جگہ دی ہے۔ اخبار لکھتا ہے: سنہرے حروف سے لکھی جائے گی مِگ 21 کی تاریخ۔**

**وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ملک کی شجاعت میں مِگ 21 کا اہم تعاون۔**

**بین الاقوامی خبروں کی کچھ اہم سرخیاں اس طرح ہیں:**

**جوہری صلاحیت کو بڑھانے کے لیے بھارت کا کام قابلِ ستائش۔**

**ٹرمپ نے کہا کہ غزہ میں جنگ بندی جلد، ہم معاہدے کے قریب ہیں۔**

**ترکیے اور امریکہ کے درمیان جوہری توانائی کا معاہدہ۔**

**اور سعودی عرب، فلسطینی اتھارٹی کو 9 کروڑ ڈالر کی امداد فراہم کرے گا۔×**

**آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر**

1- وزیر اعظم نریندر مودی اُڈیشہ کے شہر جھارسوگُڑا سے 60 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے، کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

2- وزیر اعظم دیسی ٹکنالوجی سے تیار کیے گئے 97 ہزار 500 سے زیادہ موبائل، G 4 ٹاورز کا آغاز کریں گے۔

3- مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پُری نے، انڈمان کے سمندر میں قدرتی گیس پائے جانے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس دریافت سے، ملک کے لیے توانائی کے موقعوں کا ایک سمندر کھُل جائے گا۔

4- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے برِکس سے کہا ہے کہ وہ ہنگامے سے دوچار اِس دنیا میں قیامِ امن اور سفارت کے پیغام کو عمل میں لائے۔

5- اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں، فلسطین کی مملکت کو تسلیم کرنے پر مغربی ملکوں کی مذمت کی ہے۔

6- ایشیاء کپ کرکٹ میں، دبئی میں ایک سنسنی خیز سُپر اوور میں بھارت نے سری لنکا کو ہرایا اور اس طرح وہ بغیر کوئی میچ ہارے، فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

7- اور معذور افراد کی، بارہویں عالمی ایتھلیٹکس چیمپئن شپ، آج سے نئی دلّی میں شروع ہوگی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------